درخواست برائے حصولِ فتویٰ

جناب مفتی صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

کیا فرماتے ہیں علماءِ کرام ومفتیانِ عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ

سوشل میڈیا پر ایک حدیث بیان کی جاتی ہیں کہ جو عورت ننگے سر بے پردہ گھر سے باہر جائے تو اس عورت کے ساتھ چار آدمی جہنم میں جائیں گے، 1. باپ، 2. بیٹا، 3. شوہر، 4. بھائی۔ کیا یہ حدیث صحیح ہے؟

مستفتی: بواسطہ ابوعباد

الجواب باسم ملهم الصواب

ایک عورت چار لوگوں یعنی باپ، بیٹا، بھائی اور شوہر کو جہنم میں لے جانے کا سبب بنے گی، ان الفاظ کے ساتھ کوئی بھی صحیح یا ضعیف حدیث نہیں ہے۔ البتہ اگر کسی نے اپنی ماں، بہن، بیوی اور بیٹی کی تربیت سے غفلت برتی ہو اور باوجود قدرت کے انہیں نیکی کے کاموں کا حکم نہ کرتا ہو اور برائیوں سے نہ روکتا ہو تو بلاشبہ ایسے شخص سے قیامت کے دن سوال کیا جائے گا، جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: تم میں سے ہر ایک نگہبان ہے، اور ہر ایک سے اس کے ماتحتوں کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔

اور یہ حکم صرف عورت کے بارے میں نہیں ہے، بلکہ اپنے ماتحت مَردوں سے متعلق بھی یہ حکم ہے، چنانچہ اگر اپنے ماتحت مَردوں کی تربیت میں کوتاہی کی ہوگی تو اس کے لیے بھی اسے بروزِ حشر جوابدہ ہونا پڑے گا۔ اور اگر اس نے بقدرِ استطاعت ان کی تربیت کی ہوگی اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر میں غفلت نہ برتی ہو تو پھر اس صورت میں اس کا مؤاخذہ نہیں ہوگا۔

لما فی القرآن الکریم: سورۃ النجم: 38

أَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى (38) وَأَن لَّيْسَ لِلْإِنسَانِ إِلَّا مَا سَعَى (39)

وفی صحیح البخاري: 120/3

عن عبد الله بن عمر رضي الله عنهما أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول كلكم راع ومسئول عن رعيته فالإمام راع وهو مسئول عن رعيته والرجل في أهله راع وهو مسئول عن رعيته والمرأة في بيت زوجها راعية وهي مسئولة عن رعيتها والخادم في مال سيده راع وهو مسئول عن رعيته قال فسمعت هؤلاء من رسول الله صلى الله عليه وسلم وأحسب النبي صلى الله

عليه وسلم قال والرجل في مال أبيه راع وهو مسئول عن رعيته فكلكم راع وكلكم مسئول عن رعيته.

والله اعلم بالصواب

ابو امامہ غفر اللہ لہ

دار الافتاء صادق آباد

07/جمادی الاخرۃ/1445ھ بمطابق 21/دسمبر/2023ء

دستخط: مفتی محمد ابراہیم صاحب دامت برکاتہم

الجواب صحیح

دستخط: مفتی طارق بشیر صاحب مدظلہم

الجواب صحیح

دستخط: مفتی احسن عزیز صاحب مدظلہم

الجواب صحیح

نوٹ: ۱۔ جواب سوال کے مطابق ہے۔ صحت سوال کی ذمہ داری مستفتی پر ہے۔

۲۔ ادارہ کسی بھی قانونی وغیر قانونی کاروائی کی صورت میں کسی بھی قسم کا ذمہ دار نہیں اور نہ ہی فریق بنے گا۔

- Cell No: 0302-7002111
- 0344-3387879
- Whats App: 0302-7002111
- E-mail: shariainbiz@gmail.com

- دار الافتاء سے فرقہ وارانہ یا اختلافی مسائل کا جواب نہیں دیا جاتا۔
- خدمت بلا معاوضہ۔